# نظام داخلہ برائے طلبہ دارالعلوم ۴۵-۱۴۴۴ھ مطابق ۲۴-۲۰۲۳ء

## برائے طلبہ قدیم (غیر سندی درجات)

۱۔ جن قدیم طلباء نے اپنے داخلہ کی کاروائی آن لائن مکمل کرلی ہے، وہ طلباء اپنے نگراں صاحبان سے مل کر داخلہ کی رسید "تکمیل داخلہ کی رسید" لے کر مطبخ اور کتب خانے کی کارروائی مکمل کرالیں۔

## برائے طلبہ قدیم (سندی درجات و دیگر یک سالہ کورس)

۱۔ جن طلبہ نے علیا اولی شریعہ وادب (تکمیل) کا کورس مکمل کرلیا ہے، وہ اختصاص (تفسیر، حدیث، فقہ) کے ٹسٹ کے لئے عمید کلیہ الشریعہ کے دفتر میں حاضر ہوں، اور ادب، ودعوہ وتاریخ کے لئے عمید کلیہ اللغہ کے دفتر سے رجوع کریں۔ تدریب افتاء کے لئے دار الافتاء والقضاء کے دفتر سے رجوع کریں۔ اور المعہد العالی للدعوہ والفکر الاسلامی کے لئے دفتر ناظر عام سے رابطہ کریں۔ شعبہ صحافت کے لئے شعبہ صحافت کے دفتر سے رابطہ کریں۔ اور انگریزی کے واسطے شعبہ انگریزی سے رجوع کریں۔

## برائے طلبہ ملحقہ مدارس

۱۔ ملحقہ مدارس کے کامیاب طلبا پیمنٹ رسید لے کر المعہد العالی کے متعینہ کاؤنٹر سے جدید داخلہ فام حاصل کرلیں۔ اس کے بعد فارم پر دستخط کر کے دفتر نگران اعلی میں وضع قطع چیک کرائیں۔ پھر المعہد العالی زیریں (کمرہ نمبر ۱۰۷) پر اپنے ہاسٹل اور کمرہ کی تعیین کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۸ پر تکمیل داخلہ کی رسید حاصل کر کے متعلقہ نگراں صاحب کو مطلع کر کے مطبخ وکتب خانہ کی بقیہ کاروائی مکمل کرائیں۔

## برائے طلبہ جدید (حفظ، عالیہ ثالثہ ادب، علیا اولی ادب: خصوصی اول وثانی)

۱۔ درجہ حفظ وعالیہ ثالثہ ادب اور علیا اولی ادب کے جدید طلبہ جنہوں نے داخلہ ٹسٹ میں کامیابی حاصل کرلی ہو وہ المعہد العالی کمرہ نمبر ۱۰۶ میں جاکر اپنے اصل کاغذات چیک کرائیں۔ کاغذات مکمل ہونے کی صورت میں دفتر نگراں اعلی سے وضع قطع چیک کرائیں۔ اور کمرہ نمبر ۱۰۷ پر ہاسٹل وغیرہ کی تعیین کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۸ پر تکمیل داخلہ کی رسید لے کر کمرہ نمبر ۱۰۹ پر فیس جمع کریں، اس کے بعد اپنے متعلقہ نگراں سے مل کر دیگر کارروائیاں مکمل کرائیں۔

۲۔ خصوصی اول وثانی کے ٹسٹ میں کامیاب ہونے والے جدید طلباء کمرہ نمبر ۱۰۵ پر جاکر اپنے اصل کاغذات چیک کرانے کے بعد دفتر نگران اعلیٰ میں وضع قطع چیک کرائیں، اس کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۷ میں ہاسٹل اور کمرہ کی تعیین کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۸ سے تکمیل داخلہ کی رسید لیکر کمرہ نمبر ۱۰۹ پر فیس جمع کریں، اس کے بعد متعلقہ نگراں سے مل کر بقیہ کاروائی مکمل کرائیں۔

خصوصی اول کا داخلہ ٹسٹ معین اللہ ہال "کتب خانہ شبلی زیریں" میں تین مئی کو صبح ۸:۳۰ بجے سے ۱۰ بجے تک ہوگا۔

خصوصی ثانی کا داخلہ ٹسٹ المعہد العالی بالائی ہال "تیسری منزل" میں تین مئی کو صبح ۸:۳۰ تا ۱۰ بجے ہوگا۔

۳۔ درجہ حفظ کے جدید داخلہ کا ٹسٹ مسجد میں ہوگا۔ کامیاب طلبہ المعہد العالی زیریں کمرہ نمبر ۱۰۶ پر اپنے اصل کاغذات چیک کرا کے دفتر نگران اعلی میں وضع قطع چیک کرائیں، اس کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۷ پر ہاسٹل اور کمرے کی تعیین کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۸ پر تکمیل داخلہ کی رسید لے کر کمرہ نمبر ۱۰۹ پر فیس جمع کریں، اس کے بعد متعلقہ نگراں صاحب سے دیگر کاروائی کرائیں۔

۴۔ عالیہ ثالثہ شریعہ وادب وعلیا اولی ادب اور خصوصی عربی کے جدید طلباء کا ٹسٹ کلیۃ اللغۃ بالائی ہال "تیسری منزل" میں ۳ مئی کو ساڑھے آٹھ تا دس بجے ہوگا۔ ٹسٹ میں کامیاب طلباء کی کاؤنسلنگ دفتر کلیۃ اللغۃ کے عمید کریں گے، نتیجہ مکمل ہونے کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۶ پر اپنے اصل کاغذات چیک کرا کر دفتر نگران اعلی میں وضع قطع چیک کرائیں، اس کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۷ پر ہاسٹل وکمرہ کی تعیین کے بعد کمرہ نمبر ۱۰۸ میں تکمیل داخلہ کی رسید لے کر کمرہ نمبر ۱۰۹ پر فیس جمع کریں، اس کے بعد متعلق نگراں صاحب سے مل کر بقیہ داخلہ کی کارروائی مکمل کرائیں۔